

مجلہ طالبان 15

Tehreek e Taliban Pakistan

١ پارلیمنٹیرینز کا قومی سلامتی اجلاس



2 پاکستانی آئین اسلامی یا غیر اسلامی؟





3 پاکستان میں ایسٹ انڈیا کمپنی کا تسلسل

https://t.me/TTPmagazine

www.umarmedia.me

فہرست مضامین



اداریہ

پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا

ابھی حال ہی میں پاکستان کی قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایک بار پھر ماضی کی طرح آزاد قبائل پر شب خون مارا جائے۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستان کی حکومت اور عسکری ادارے شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔ انہیں سمجھ میں نہیں آرہا کہ تحریک طالبان پاکستان سے کیسے نمٹا جائے؟۔

ماضی میں بھی اس طرح کے آپریشن کر کے حکومت اور عسکری اداروں نے محض عوام کو ہی نقصان پہنچایا ہے۔ دہشتگردی کے خلاف دوبارہ آپریشن کو بنیاد بنا کر عسکری اداروں کا اصل ہدف اپنے بیرونی آقاؤں سے ڈالر بٹورنے کے سوا کچھ نظر نہیں آرہا۔ پاکستان کی معیشت جرنیلوں کی اندھی کرپشن اور عیاشیوں کی وجہ سے جس نہج پر پہنچ چکی ہے اس کو سہارا دینے کے لیے یہ خائن جرنیل اور حکمران ماضی کی طرح پھر کسی بیرونی امداد کے منتظر ہیں کہ شاید دہشتگردی کے خلاف نام نہاد آپریشن کے اعلان پر ان کے بیرونی آقا چند ٹکے ان کی جھولی میں ڈال دیں۔ مگر یہ محض ان کی خام خیالی ہے۔

پوری دنیا اب ناپاک فوج کے مزاج اور اس کے جرنیلوں کے فراڈ اور کرپشن کو سمجھ چکی ہے کہ یہ فوج لڑنے کی صلاحیتوں سے عاری ہے۔ اس کے جرنیلوں کا کام بس اپنے اثاثہ جات میں اضافہ کرنا اور پھر بیرون ملک جا کر عیاشیاں کرنا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے یہ جرنیل ہر قسم کے ناجائز اور غیر قانونی کاروباروں میں بھی ملوث ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ان کی نظر امداد کے نام پر آنے والے بیرونی ڈالروں پر بھی رہتی ہے۔ لہذا قومی سلامتی کمیٹی کا حالیہ اجلاس اور بیانیہ صرف اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستانی جرنیلوں کی حرص و ہوس دن بدن بڑھتی جارہی ہے۔ اور یہ کسی نہ کسی بہانے سے مغربی دنیا سے ڈالر بٹورنے کے چکر میں رہتے ہیں۔

اس قسم کے اعلانات کر کے حکومتی اور عسکری ادارے اگر یہ سمجھتے ہیں کہ پاکستان میں جاری نفاذ شریعت کی تحریک کا راستہ روکا جاسکتا ہے تو یہ محض ان کی خام خیالی ہے۔ تحریک طالبان پاکستان ہر گزرتے دن کے ساتھ مضبوط سے مضبوط تر ہوتی چلی جارہی ہے۔ آئے روز کوئی نہ کوئی جہادی مجموعہ تحریک طالبان پاکستان کی صفوں میں شامل ہوتا جارہا ہے۔ تحریک کی طاقت اور قوت میں الحمد للہ دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ اب یہ چراغ پھونکوں سے بجھنے والا نہیں ہے۔

پارلیمینٹیرینز کا قومی سلامتی اجلاس

کمانڈر سید غزوان غازی



الحمد لله نحمد، كما ينبغي لجلاله وكماله وصل الله تعالى على محمد وأصحابه و آله، اما بعد:

فأعوذ بالله من الشيطن الرجيم، بسم الله الرحمن الرحيم [لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ (13) لَا يُقَاتِلُونَكُمْ جَمِيعًا إِلَّا فِي قُرًى مُّحَصَّنَةٍ أَوْ مِن وَرَاءِ جُدُرٍ بَأْسُهُم بَيْنَهُمْ شَدِيدٌ تَحْسَبُهُمْ جَمِيعًا وَقُلُوبُهُمْ شَتَّىٰ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُونَ (14)] [الحشر13-14]

عزیز ہموطنو، مجاہدین ساتھیو، علماء کرام، طلباء کرام، دوستو اور بھائیو! جیسا کہ آج کل ہمیں معلوم ہے کہ پاکستانی جمہوری ٹولہ (جو اصل میں وطن عزیز کے خائنین، غداروں، ملکی سطح پر چوروں، ڈاکوؤں، سود خوروں، قبضہ مافیا، ناجائز فوجی جرنیلوں، بدنام زمانہ بیوروکریٹس ججوں اور پاکستانی مسلمانوں کے قاتلوں سے عبارت ہے) نے قومی سلامتی کونسل کے نام سے اکتالیسواں اجلاس بلا کر کچھ فیصلے کیے ہیں۔

سب سے پہلی بات تو یہ بتاتے چلیں کہ اس قسم کا بدنام زمانہ پارلیمنٹیرین گروپ یا ٹولہ یہ حق نہیں رکھتا کہ وہ اپنے آپ کو مملکتِ پاکستان یا قومی سلامتی کونسل کہلوائیں۔ ہم جانتے ہیں کہ یہ جمہوری ٹولہ آپس ایک دوسرے کے ساتھ متفق نہیں ہے، اور ان کے الگ الگ مفادات اور الگ الگ ایجنڈے ہیں۔ ہر ایک کو اپنے آقا سے کمانڈ ملتی ہے، اور وہ اسی امر کو بجالاتا ہے جو اس کو اس کا آقا حکم دیتا ہے۔ ہم اس قسم کی پارلیمنٹ کی غلط پالیسیوں اور فیصلوں کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہیں، اور اسے کوئی حیثیت نہیں دیتے۔ ہم نے کامیابی کا راز جہاد فی سبیل اللہ میں پایا ہے، اور ہم بازوئے جہاد سے اس کا جواب دیا کرتے ہیں۔ ہمیں اس قسم کے نام نہاد قومی سلامتی کے نام پر اجلاسوں سے کوئی فرق نہیں پڑنے والا، ان شاءاللہ۔

دوسری بات یہ ہے کہ پاکستان کو آج جن مسائل کا سامنا ہے ان مسائل کے کریئیٹر کون ہے؟

تیسری بات یہ کہ کیا پاکستان کو سچ میں تحریکِ طالبان پاکستان سے خطرہ ہے؟ یا ان لٹیروں اور امپورٹڈ سیاستدانوں اور بزدل و وطن دشمن جرنیلوں اور بیوروکریسی سے ہے جن کی تاریخ سقوط ڈھاکہ جیسے بڑے سانحوں سے بھری پڑی ہے؟

چوتھی بات یہ ہے کہ کیا یہی بزدل، نالائق اور کم فہم لوگوں کا ٹولہ تحریکِ طالبان پاکستان کے شیر صفت مجاہدین سے مقابلہ کر سکیں گے؟ اور یہ موجودہ اسلام آباد کا دفاع کر سکیں گے؟

پانچواں سوال، کیا تحریک طالبان پاکستان اس قابل ہے کہ وہ اتنی بڑی قوت کے ساتھ لڑ کر ان کو شکست دے کر پاکستان کا کنٹرول سنبھال سکے گی اور یہاں اسلامی شرعی محمدی نظام لا سکے گی؟

پاکستان کو اس وقت کیا کرنا چاہئے؟

کیا پاکستانی سیاستدان اور جرنیل یہ بات سمجھ چکے ہیں کہ پاکستان میں اسلامی نظام کا راستہ اب کوئی نہیں روک سکتا؟

پاکستان اب ایک آزاد اور حقیقی اسلامی ریاست کے طور ،پر ابھر کر رہے گا

ان شاءاللہ اور یہ فوج (جو اپنے ماتھے پر سقوط ڈھاکہ اور کارگل جیسے بڑے تمغے سجائے رکھتی ہے) کبھی بھی مجاہدینِ تحریکِ طالبان پاکستان کا راستہ نہیں روک سکے گی۔ باذان اللہ تعالیٰ اس مضمون میں ہم حقائق پر مبنی حالات زیرِلبِ قلم کرنے کی کوشش کریں گے، ان شاءاللہ۔ جب بھی بزدل دشمن شکست کو بھانپ لیتا ہے تو تاریخ اس بات کا گواہ ہے کہ بزدل دشمن پھر اس قسم کی گیدڑ بھبکیاں مارتا ہے اور لوگوں کی نظریں اصل حقائق سے ہٹانے کی ناکام کوششیں کرتے پھرتا ہے۔

ہم نے عراق، یمن، مصر، اردن، لیبیا اور کئی جمہوری حکومتوں کو راتوں رات مجاہدین اسلام کے سامنے مٹی کا ڈھیر بنتے دیکھا ہے۔ حال ہی میں ہم نے امریکی جمہوریہ افغانستان کا بھی مشاہدہ اپنی آنکھوں سے کیا ہے، اصل مسئلہ پاکستان میں اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے کوششیں کرنے والوں سے نہیں، بلکہ تمام مسائل کی جڑ یہی سیاست دان جمہوری طبقہ، بیورکریسی، غیرشرعی عدالتی نظام، غیر شرعی مالیاتی نظام اور ملک دشمن غدار جنرلز ہیں۔

ان کے لیے ملکی مفادات کی نہ تو کوئی قیمت ہوتی ہے اور نہ ضرورت محسوس کرتے ہیں، ان کو پتہ ہوتا کہ جب تک نوکری ہے دونوں ہاتھوں سے ملکی خزانے کو لوٹ لو، اور پھر آرام سے جاکر آسٹریلیا اور یا کسی اور یورپی ملک میں جزیرے کا مالک بن جاؤ، بس یہی ہیں ان کے مفادات، اور قوم و ملک پر فوجی آپریشنز مسلط کراکر ڈالر بٹورنے کے لیے بہانہ بناکر قوم کو دھوکے میں رکھو، قومی سلامتی سے ان کا دور کا بھی کوئی واسطہ نہیں۔

بات ہورہی تھی قومی سلامتی کونسل کے اجلاس کی۔ اب آتے ہیں کہ کیونکر ان لوگوں نے اجلاس بلائی اور دھمکیاں دینے پہ اتر آئے؟

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں سورۃ الحشر میں

لَأَنتُمْ أَشَدُّ رَهْبَةً فِي صُدُورِهِم مِّنَ اللَّهِ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُونَ 13

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں یہ لوگ اللہ سے زیادہ ان مجاھدین سے ڈرتے ہیں کیونکہ یہ لوگ عقل اور فہم نہیں رکھتے یہ لوگ مجاھدین کی خوف کی وجہ سے اپنے محفوظ قلعوں میں بھی اپنے آپ کو محفوظ نہیں پاتے اس لئے یہ لوگ اپنے دفاع کے خاطر دھمکیوں اور جنگ پر اتر آتے ہیں اور یہ لوگ جو اللہ سے نہیں ڈرتے وہ یہ کہ جب معصیت کرتے ہیں تو عاقبت کا پرواہ نہیں کرتے اور اللہ جل جلالہ سے نہ حیا کرتے ہیں اور خوف محسوس کرتے ہیں۔ اس کے برعکس جب ان کا سامنامیدان جنگ میں مجاھدین سے ہوتا ہے تو پھر ہم نے میدان جنگ میں کئی بار ان کی چیخیں آسمان تک بلند ہوتی دیکھی ہیں، یقیناً کہ یہ فوج اور جمہوری ٹولہ اللہ جل جلالہ کے نیک بندوں مجاھدین سے بے حد ڈرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ یہ لوگ اصل میں تو ڈر کے مارے مشورے اور اجلاسیں بلاتے ہیں، لیکن قوم کو اندھیرے میں رکھنے کے لیے قومی سلامتی کا نام لیتے ہیں۔ اصل میں یہ قومی سلامتی کے لیے نہیں، بلکہ فوجی سلامتی اور مفادات کے لیے ملک وقوم کے خزانے کو بارود اور آہن کی جنگ میں لگاکر اڑانے کے درپے ہیں، پاکستانی قوم ہماری مسلمان قوم ہے، ہم اپنی قوم کی آزادی اور اللہ کی زمین پہ اللہ کے قانون کی بالادستی چاہتے ہیں، ہم سے قوم کو کیا تکلیف اور ہمیں قوم سے کیا تکلیف ہے، قومی ،سلامتی تو اصل میں مجاھدین چاہتے ہیں

یہ بزدل جرنیل کیا جانتے ہیں قومی سلامتی کیا ہے؟، ہم ستر سالوں سے دیکھ رہے ہیں اور ہم افغانستان جنگ میں بیس سال مشاہدہ کر رہے ہیں، امریکی ڈرون طیاروں نے ہمارے پیارے وطن کے ہزاروں نہتے اور پرامن پاکستانی مسلمانوں، مردوں، عورتوں، بوڑھوں اور بچوں پر بے دریغ حملے کیے، اور ہمارے پیاروں کو آہن و بارود سے بھون ڈالا، اور کیا پاکستانی مسلمان ہیل فایئر امریکی میزائلوں کا نشانہ نہیں بنتے رہے؟ اس وقت قومی سلامتی کے لیے اس بزدل فوج نے کیا کیا؟ قومی اور سلامی سلامتی کے لیے ہم مجاہدین لڑتے رہے ہیں، اور آپ نے تو فرنٹ لاین اتحادی بن کر امریکیوں کو پاکستانی مسلمانوں خصوصاً قبائل کے قتل عام کا فرمٹ جاری کر رکھا ہے اور پاکستانی مسلمانوں کو ڈالروں کے عوض بیچ کر منافع بخش تجارت اختیار کیا ہے۔ قومی سلامتی کے اجلاسیں کرنے والو! تم بھول گئے ہو، مگر ہم نہیں بھولے، ہمیں ایک ایک مجاہد یاد ہے، جو آپ نے دشمن کے ہاتھوں ڈالروں اور اپنی ذاتی مفادات کے بدلے بیچا ہے، فکر مت کرنا حساب کے لیے تیار رہنا، وہ دن بہت قریب ہے جب آپ کی موٹی موٹی گردنیں ہوں گی اور مجاہدین کے ہاتھوں میں تمکین کی رسی ہوگی، ان شاء اللہ۔

پاکستان میں ہر قسم کی بربادی کے ذمہ دار تم لوگ ہو، کوئی اور نہیں، تم ہی تو ہو جو سود کا کاروبار کرتے ہو، تم ہی تو ہو جو اللہ جل جلالہ کے نازل کردہ قرآن عظیم الشان کا راستہ روکتے ہو، تم ہی تو ہو ملکی خزانے کو لوٹ کر باہر بھاگ جاتے ہو، تم ہی تو ہو جو مسلمانوں کے محرمات کو کافروں کے حوالے کرتے ہو، تم ہی تو ہو جو اسلامی مقدسات کو، بوٹوں تلے روند ڈالتے ہو، تم ہی تو ہو جنھوں نے دنیائے کفر سے مسلمانوں کے قتل عام کا ٹھیکہ لیا ہوا ہے، تم ہی تو ہو جنھوں نے اسلام کا لبادہ اوڑھ کر ہمیشہ مسلمانوں کے ساتھ غدر اور دھوکہ کیا، اسلام اور مسلمانوں کی پیٹھ میں غدر اور خیانت کا خنجر گھونپا، اور اسلام آباد کا نام تم نے ہی بدنام کر رکھا ہے، عالم اسلام میں تم ہی تو ہو جن کے اقتدار میں پاکستانی مسلمان بچیاں رمضان المبارک میں اسلام اباد اور لاھور کی سڑکوں پر سرعام جسم فروشی کرتی پھرتی ہیں۔ ارے تم کون ہوتے ہو قومی سلامتی کی فکر کرنے والے! کیا تم بھول گئے ہو سقوط ڈھاکہ کے وقت تم نے کیا کہا تھا؟ تم بھول گئے ہو، امریکی جنگ میں کود کر تم نے اسی ہزار پاکستانی مسلمانوں کا جٹ طیاروں کی بمباریوں، اندھے توپخانے، جبری گمشدگی اور جعلی پولیس مقابلوں میں قتل عام کیا، تم ہی تو ہو جنھوں نے پرویز مشرف کے اقتدار کو طول دینے کے لیے اسلام آباد کے قلب میں جامعہ سیدہ حفصہ کی عزت مآب طالبات، بہنوں، بچیوں اور لال مسجد کے طلباء کرام اور علماء کرام کے خون سے رنگا، اور تاریخ کی آنکھ نے وہ کچھ دیکھا جو قلم لکھنے سے قاصر ہے۔

ہاں! تم بھول گئے ہوں گے؟! اس لیے کہ اس وقت آپ کے بچے نہیں روئے، اب ان شاءاللہ باری تمہاری ہے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: **یوم لنا و یوم علینا**

اللہ کی راہ کے شیر صفت مجاہدو! اب وقت ہے

، ان بزدلوں سے لڑنے کا، اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

لَا يُقَتِلُونَكُم جَمِيعًا إِلَّا فِى قُرىً مُّحَصَّنَةٍ أَو مِن وَرَاءِ جُدرٍ بَأسُهم بَينَهُم شَدِيدٌ تَحسَبُهُم جَمِيعًا وَقُلُوبُهُم شَتَّى ذَلِكَ بِأَنَّهُم قَومٌ لَّا يَعقِلُونَ 14] [الحشر 13-14]

یہ لوگ ان شاء اللہ ہمارا سامنا نہیں کرسکتے، ہمیں ہمارے رب نے خوشخبری دی ہے کہ یہ لوگ بزدلی اور نااتفاقی کی وجہ سے مجاھدین کا مقابلہ نہیں کرسکتے، یہ ظاہری طور پر تو اجلاسیں بلاکر قوم کو سلامتی، امن، ترقی اور خوشحالی کی جھوٹے دعوؤں سے گمراہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، حقیقت کچھ اور ہے، یہ بھونڈہ پروپیگنڈہ ہے، مگر للہ الحمد! قوم اتنی بھی غبی نہیں ہے، جتنا کہ زرداری صاحب اور اس کا بیٹا ہے، کل تو تم لوگ ایک دوسرے کو چور، پاکستان دشمن اور غدار کہتے تھے اور آج تم یہ بھی بھول گئے کہ اس وقت جب نواز شریف کی حکومت تھی تو انہوں نے محترمہ بے نظیر بھٹو کی ننگی تصاویر ہیلی کاپٹر سے گراکر ایک عورت کی بے حرمتی کی تھی، آج اس بیگم صاحبہ کا فرزند ارجمند ان کی حکومت میں وزیر خارجہ کی کرسی پر براجمان ہے، اور بے نظیر صاحبہ کا خوشدامن صاحب محترم زرداری ان کی گورنمنٹ کا باقاعدہ حصہ ہے۔

خیر! یہ تو ان کا اپنا داخلی معاملہ ہے، ہمیں کوئی اعتراض نہیں، پاکستان کو حقیقی اسلامی آزادی تحریکِ طالبان پاکستان کے مجاھدین دلائیں گے، ان شاء اللہ۔ مجاھدین بھائی پاکستان کو اس دلدل سے نکال کر ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اب کا پاکستان آئی ایم ایف، ورلڈ بینک اور دنیا کے کئی ممالک کے قرضوں میں گروی ہے، نہ تو اب کے پاکستان میں دشمن کو جواب دینے کی صلاحیت ہے اور نہ ملک میں معاشی خوشحالی اور ترقی کے لیے کچھ کرنے کا دم۔ پاکستانی قوم اب جان چکی ہے کہ اپنے ملک اور قوم کے ساتھ وفادار کون لوگ ہیں؟ اور لٹیرے، چور اور ڈاکو کون ہیں؟ کون پاکستان کی سلامتی کے لیے خطرہ ہیں؟ اور کون پاکستان کے دفاع اور آزادی کے لیے مفید ہیں؟ کس نے پاکستان کے خزانے لوٹے؟ کس نے پاکستانی خفیہ راز دشمنوں کو دیئے؟ کس نے اسلامی ملک افغانستان کے سفیر کو ننگا کرکے اپنے آقاء امریکہ کے حوالے کرکے عالمی بے غیرتی کا ریکارڈ قائم کیا؟ کس نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو دشمن ملک امریکہ کو ڈالروں کے عوض بیچا؟ اور کس نے امریکیوں کے قاتل اپنے ہم وطن غازی ایمل کاسی شہید رحمہ اللہ کو اس کے دشمن امریکہ کو پکڑ کر حوالے کیا؟

یہ اور اس جیسے ہزاروں لاکھوں کالے کرتوت کرنے والے پاکستان کے لیے کیسے وفادار ہو سکتے ہیں؟

تو حاصل یہ ہوا کہ یہی وہ گروہ ہے جو پاکستان کی سلامتی، دفاع اور اسلامی تشخص کے لیے خطرناک ہے، نہ تو ان میں ایمانی غیرت ہے اور نہ ان میں قومی غیرت ہے، اور نہ ہی حب الوطنی کا جذبہ۔ یہ صرف بھونڈے نعرے ہیں جو یہ گیدڑ کی نسل اکثر لگاتی رہتی ہیں، اور قومی لسانی تعصبی نعروں سے قوم میں منافرت پیدا کرنے کی کوششیں کرتے ہیں۔

اللہ کی راہ کے مجاھدو! اپنے صفوں کو مضبوط اور مزید منظم کرنے کا وقت ہوا چاہتا ہے، اور بزدل دشمن کو ایک کاری وار کا موقع ہے، جاگ جاؤ، غزوۃ الہند کے غازیو! اپنے ملک کو اپنے مضبوط ہاتھوں میں تھام لو، اور اسلامی نظام کی سربلندی کی خاطر کسی بھی بڑی قربانی دینے کے لیے تیار رہو، کہ یہ ہمارے اوپر قرض بھی ہے اور فرض بھی۔

اسی طرح رب العالمین نے فرمایا:

قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ وَ يُخْزِهِمْ وَ يَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ

تم ان سے لڑو، اللہ تمہارے ہاتھوں سے انہیں عذاب دے گا اور انہیں ذلیل ورسوا کرے گا، اور ان کے خلاف تمہاری مدد فرمائے گا اور ایمان والوں کے دلوں کو ٹھنڈا کردے گا۔

{قاتلوھُم: تم ان سے لڑو۔} ارشاد فرمایا کہ تم ان سے لڑو، اللہ عَزَّوَجَلَّ کا وعدہ ہے کہ وہ تمہارے ہاتھوں سے قتل کے ذریعے انہیں عذاب دے گا اور انہیں قید میں مبتلا کر کے ذلیل ورسوا کرے گا اور ان کے خلاف تمہاری مدد فرمائے گا اور ان پر غلبہ عطا فرمائے گا اور ایمان والوں کے دلوں کو ٹھنڈا کردے گا۔ (مدارک، التوبۃ، تحت الآیۃ: 14، ص428)

وہ دن دور نہیں جب ہند اور سندھ کے حکمران مجاھدین کے سامنے زنجیروں میں جکڑے ہوں گے، اور ان کی گردنوں کی تمکین اللہ کے دوستوں کے ہاتھوں میں ہوگی، ان شاءاللہ۔

تاریخ شاہد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ سارے وعدے پورے فرمائے اور تاجدارِ رسالت صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی دی ہوئی ساری خبریں سچ ثابت ہوئیں، اور آپ صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کی نبوت کا ثبوت واضح تر ہوگیا۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ کفار سے اپنا بدلہ لینا جس سے مسلمانوں کے دلوں کا رنج نکلے جائز ہے، بلکہ بعض اوقات بدلہ لینا ضروری ہے، مگر ظلم و زیادتی نہ ہو۔

اور یاد رکھو، مجاھدو! اتفاق، نظم وضبط، تقویٰ، امیر کی اطاعت اور عسکری مہارت کو اپنا معیار بناؤ کہ اللہ تعالیٰ مضبوط مجاھدین کو زیادہ پسند فرماتا ہے اور ان سے اعلان محبت کرتے ہیں:

ان للّـہ یُحِـبُ لّذِیـنَ یُقَتِلُـونَ فِـي سَـبیلِہٖ صَفًا کَأَنّھُم بُنیَن مّرصُوص

مجاھدین کو اللہ جل جلالہ نے بہت ہی بڑی صلاحیت دی ہے کہ وہ جب چاہیں اور جہاں چاہیں اپنے اہداف کو حاصل کرلیتے ہیں، شہید امیر حکیم اللہ صیب رحمہ اللہ کے زمانے میں مجاھدین تحریک جی ایچ کیوں کو ہدف کرنے میں اور اسی طرح پی این ایس وغیرہ سے لیکر بڑے بڑے اہداف تک پہنچنے میں کامیاب ہوئے، جو آج مجاھدین تحریک طالبان پاکستان کی عسکری صلاحیت ماضی کے تمام ادوار سے بہتر اور اچھی ہے، ہم اس قسم کے نام نہاد قومی سلامتی کے اجلاسوں کو جوتے کی نوک پہ رکھتے ہیں، اور اللہ جل جلالہ پر کامل توکل کرکے اپنے جہادی محاذ کو گرم رکھتے ہیں، اللہ جل جلالہ ہمیں تسلی دیگر فرماتے ہیں: ہم مادی قوت کو دیکھ کر نہیں بلکہ اللہ کی مدد کو دیکھ کر جنگیں لڑتے ہیں۔

ومـن یتـوکل علـی الـا فو ولـی فـی الدنیـا والاخـر ومـن یتـوکل علـی الـا فو حسبـ ان الـا یحب المتوکلین

کَـم مِّـن فِئَـۃ قَلِیلَـۃ غَلَبَـت فِئَـۃ کَثِیرَۃً بِـإِذۡنِ اللّـہ وَاللّٰہُ مَعَ الصابرین

اللہ تعالیٰ کا دستور یہ ہے غریب اور مسکین کی مدد فرماتا ہے

اللہ اکبر کا صدا بلند کرکے کم تعداد اور کم وسائل کو استعمال کرتے ہوئے دشمن کی طرف قدم بڑھاؤ، مجاھدو! اللہ کے لشکر ہمارے ساتھ ہیں، فتوحات ہمارا انتظار کررہی ہیں۔

اسلام آباد سے لیکر کراچی تک کے علماء اور صلحاء آپ مجاھدین کی راہ تک رہے ہیں، اور آپ کو موجودہ حالات میں نجات دہندگان تصور کرتے ہیں۔

مظلوم مائیں اپنے بیٹوں اور سسکتی بہنیں اپنے بھائیوں کی آزادی کے لیے آپ کو دعائیں دے رہی ہیں۔

مجاھدین بھائیو! ان غلام اداروں کی اجلاسیں صرف دکھاوا ہے، حقیقت میں ان کے اوسان خطاء ہیں، ان شاء اللہ،

عیدالفطر کے پر مسرت موقع پر پاکستانی قوم کے نام امیر تحریکِ طالبان پاکستان مفتی ابو منصور عاصم حفظہ اللہ کا پیغام

الحمد للہ والصلاۃ و السلام علی رسول اللہ و علی آلہ و صحبہ و من والاہ
أمابعد:
فأعوذباللہ من الشیطان الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
یاأیھاالذین آمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون

میں پوری دنیا اور بالخصوص پاکستان کے مسلمانوں کی خدمت میں عید کی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ان ماؤں بہنوں کی خدمت میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے عید کی مبارک باد پیش کرتا ہوں جن کے پیاروں نے اپنی جانوں کا مقدس نذرانہ اپنے رب کی خدمت میں پیش کیا،ان کا غم ہمارا غم ہے اور ہم دکھ درد میں انکے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔

عیدالفطر کے دن مناسب تو یہ تھا کہ میں اہلیانِ پاکستان کے ساتھ خوشی اور شادمانی کی باتیں شریک کرتا مگر بد قسمتی سے وطن عزیز پر جو حکمران اور جرنیل مسلط ہیں وہ قوم کو کسی بھی مرحلے میں خوش و خرم نہیں دیکھنا چاہتے،بلکہ خوشیوں سے نفرت انکی فطرت بن چکی ہے۔یہ حکمران مسلسل درد و غم کو تلاش کرکے عوام کے گھروں میں ڈالنے کے عادی بن چکے ہیں۔

جو اپنی عوام کے زخموں کو بیچ کر تسلسل کے ساتھ ڈالر کماتے اور ایک دوسرے کو وراثت میں چھوڑتے چلے آرہے ہیں۔
عوام کو اپنے زخم چاٹنے ہی نہیں دیتے آپریشن در آپریشن کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے۔
عوام کواس بات کا علم ہونا چاہئے کہ افغانستان یا قبائل پر جب بم برسنا شروع ہو جاتے ہیں تو یہ ڈالر خور اور غلام شکرانے کے نفل اداء کرتے ہیں کہ اپنی عیاشی کو برقرار رکھنے کیلئے ملک کی معیشت پھر سے چل پڑے،یہ ظالم ڈالر کمانے کی خاطر ملک اور قوم کیلئے جنگ خرید کر لاتے ہیں،اگر یہ جنگوں کا سلسلہ رک گیا تو ساری دنیا ان کرائے کے قاتلوں کو بھیک مانگتے ہوئے دیکھے گی۔

آج پھر تحریک طالبان پاکستان پر مذاکرات کے ختم کرنے کا جھوٹا الزام لگا کر ڈالر بٹورنے کیلئے بہانہ تلاش کر رہے ہیں،ان ظالموں نے ایک بار پھر معصوم قبائل کا خون بیچنے کا ارادہ کیا ہوا ہے،مگر مجھے امید ہے کہ غیور اور تجربہ شدہ قبائل اس بار اپنا خون ڈالروں کے عوض بیچنے کی بجائے ان ظالموں کے خلاف بہائیں گے اور آئی ڈی پیز کے نام پر مرنے کی بجائے شہادت کے نام مرنے کو ترجیح دیں گے اور ہم مجاہدین

اسلام بھی ان کے شانہ بشانہ، اس ظالم کا سر کچلتے رہیں گے ان شاء اللہ تاکہ پوری قوم کو ان مغرب کے غلاموں سے چھٹکارہ حاصل ہو جائے۔

پوری قوم کو ہم یہ پیغام دیتے ہیں کہ تحریک طالبان پاکستان مذاکرات کے متعلق اپنے کئے ہوئے وعدے پر برقرار ہے، نہ تو ہم مذاکرات سے انکار کرتے ہیں اور نہ ہی سابقہ مذاکرات کا سلسلہ ہم نے خراب کیا ہے اور نہ ہی ہم ان ڈرپوکوں کے خلاف لڑنے سے دل برداشتہ ہوئے ہیں۔ البتہ ان بھکاریوں کا خزانہ جب خالی ہوا تو پھر سے اس کو بھرنے کیلئے مذاکرات کو ختم کرکے جنگ کا اعلان کر دیا ورنہ مذاکراتی ٹیم اور ثالث سے حقائق معلوم کئے جائیں۔

لہٰذا ہم پوری قوم کی خدمت میں یہ عرض کرتے ہیں کہ ان کرائے کے قاتلوں کے خلاف تحریک کا ساتھ دیکر ان سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارہ حاصل کیجئے۔ اور اپنی محبوب قوم پر یہ بات واضح کرتا چلوں کہ ہماری جنگ اس ملک پر مسلط فوجی ٹولے اور جبابرہ کے خلاف ہے ہم اپنی اس مقدس جنگ کے ذریعہ عوام پر ہوئے مظالم اور اس ملک پر مسلط ٹولے سے اپنی عوام کو نجات دلائیں گے ان شاء اللہ۔

آخر میں ایک بار پھر قوم کو عید کی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور پوری قوم بلکہ پوری دنیا پر یہ بات واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارا کوئی خارجی ایجنڈا نہیں ہے اس حوالہ سے جس کو تشویش ہو ہم بات چیت کے لئے تیار ہیں۔ پاکستان کے جرنیل اور حکمران اپنے مفادات کی خاطر بین الاقوامی قوتوں کو ہمارے نام پر متوجہ کرکے ڈالر بٹورنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اسلئے کوئی بھی ملک بغیر ثبوت اور تحقیق کے پاکستانی جرنیلوں کی سازش اور لالچ کا شکار نہ ہوں۔ لہٰذا عوام کی خدمت میں یہ گذارش ہے حکمرانوں کے بہکاوے میں آنے کی بجائے حقیقت کا ادراک کرکے تحریک طالبان کا ساتھ دیں۔

وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ أجمعین



امیر المؤمنین شیخ القرآن والحدیث
مولوی ہیبت اللہ اخونزادہ حفظہ اللہ ورعاہ
کا عید الفطر کے موقع پر پیغام

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله نحمده ونستعينه ونستغفره ونتوب إليه ونعوذ بالله من شرور أنفسنا ومن سيئات أعمالنا من يهده الله فلا مضل له ومن يضلل فلا هادي له وأشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له وأشهد أن محمدا عبده ورسوله أما بعد:

ترجمہ: اے ایمان والو آپ پر روزہ فرض کردیا گیا ہے جس طرح کہ ان لوگوں پر فرض کردیا گیا ہے جو آپ سے پہلے گذر چکے ہیں تاکہ تم تقویٰ دار بنو۔

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ .[متفق علیہ]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ایمان کے ساتھ (یعنی شریعت کو سچ سمجھتے ہوئے اور رمضان کی فرضیت کا عقیدہ رکھتے ہوئے) اور ثواب کی طلب کی خاطر (یعنی ریاکاری کے لیے نہیں بلکہ صرف اللہ تعالی کے لیے) روزہ رکھا تو اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں جو اس نے پہلے کیے ہوتے ہیں۔

عن ابن عباس رضی الله تعالی عنه قال: في آخر رمضان أخرجوا صدقة صومكم فرض رسول الله هذ الصدقة صاعاً من تمر او شعير او نصف صاع من قمح على كل حر او مملوكٍ ذكرٍ او أنثى، صغيرٍ او كبيرٍ. [رواہ ابوداؤد]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رمضان کے آخری دنوں میں لوگوں سے کہا: تم اپنے روزوں کی زکوٰۃ ادا کرو (یعنی صدقہ فطر ادا کرو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ صدقہ ہر مسلمان آزاد، غلام، باندی، مرد، عورت اور بچے پر کھجور اور جو میں ایک صاع اور گندم میں آدھا صاع فرض (واجب) قرار دیا ہے۔

و عنه قال: فرض رسول الله صلى الله عليه وسلم زكاة الفطر طُهرةً للصائم من اللغو والرفث، وطعمةً للمساكين. [رواہ ابوداؤد]

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کی بیہودہ باتوں اور لغو کلام سے پاک کرنے اور غریبوں کے ایک لقمہ کے طور پر صدقہ فطر لازم قرار دیا ہے۔

و قال الله تعالى: وَاذْكُرُوا إِذْ أَنتُمْ قَلِيلٌ مُّسْتَضْعَفُونَ فِي الْأَرْضِ تَخَافُونَ أَن يَتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَآوَاكُمْ وَأَيَّدَكُم بِنَصْرِهِ وَرَزَقَكُم مِّنَ الطَّيِّبَاتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ. [الانفال 26]

ترجمہ: اور (اے مومنو!) تم وہ وقت یاد کرو جب تم تعداد میں تھوڑے تھے (اور) زمین پر کمزور تھے۔ (اور) تمھیں خوف تھا کہ لوگ تمھیں اچک لیں گے۔ تو اللہ تعالی نے تمھیں پناہ کی جگہ دی اور اپنی نصرت سے تمھاری مدد کی (قوت عطا کی) اور تمھیں پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا (تمھارے لیے مال غنیمت حلال کردیا) تاکہ تم لوگ (مذکورہ نعمتوں پر) شکر ادا کرو (اور شریعت کو ماننے میں سستی نہ کرو)

۱ افغانستان کے مجاہد اور مومن عوام اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے نام!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

عید سعید عید الفطر کے موقع پر آپ سب کو دل کی گہرائیوں سے مبارک باد دیتا ہوں، اللہ تعالی سب کے روزے، تراویح، صدقہ فطر، جہادی خدمات، عبادتیں اور دعائیں اپنی بارگاہ عالیہ میں قبول فرمائے۔

قابل احترام بھائیو! ہم سب کو اللہ تعالی کا شکر ادا کرنا چاہیے کہ بہت سی تکالیف کے بعد امن اور اسلامی و شرعی نظام سے ہم بہرہ ور ہوئے ہیں اور روزے جیسے عظیم فرض کی ادائیگی کے بعد ایسے حالات میں عید منا رہے ہیں کہ جب پورے ملک میں امن اور سکون کی فضا قائم ہے۔ الحمد للہ والمنۃ

تمام صاحب حیثیت بھائی اپنے غریب ہم وطنوں، یتیموں، بیواؤں اور شہدا کے خاندانوں سے ہر طرح کا تعاون کریں اور ان کی مدد کریں۔ اپنے فرض اور نفل صدقات اور خیرات ان مبارک دنوں میں مستحقین کو دیں تاکہ وہ اپنی ضرورتیں پوری کریں اور عید کی خوشی اچھی طرح منا سکیں اور صاحب حیثیت لوگوں کے روزوں کی کوتاہیوں کا جبیرہ ہو سکے۔

۲ امارت اسلامیہ کے ذمہ داران اور مجاہدین کی ذمہ داری ہے کہ اپنے عوام کی خدمت کے لیے مزید اخلاص اور ہمت کے ساتھ کام کریں، کیوں کہ لوگوں کی خدمت عبادت ہے یہ اچھی طرح سے ہو اور ان کے شرعی حقوق اور ان کی خوشی مد نظر رکھی جائے۔

امارت اسلامیہ افغانستان اپنے آپ کو عوام کی خوشحالی اور ان کے حقوق کی ادائیگی کا ذمہ دار سمجھتی ہے اور یہ اللہ کی رضا اور اپنی شرعی ذمہ داری سمجھ کر کرتی ہے۔ اس لیے سب لوگ مطمئن رہیں کہ سب کے شرعی حقوق احسن طریقے سے دیے جا رہے ہیں۔ امارت اسلامیہ کی عدالتیں اسی مقصد کے لیے مرکز، صوبوں اور اضلاع میں قائم ہیں کہ مظلوموں کی مدد کریں اور مظالم کا راستہ روکیں، تاکہ انصاف قائم ہو۔ تمام شہری عدالتوں کے ساتھ انصاف کے قیام میں تعاون کریں، سفارش اور جعلی و تزویراتی دعووں سے سختی سے احتراز کریں۔

۳ جس طرح ہمارے جہاد اور مزاحمت کا اہم مقصد اعلاء کلمۃ اللہ، اسلامی شریعت کا نفاذ، عوام کی خوشحالی اور معاشرے کی دینی و اخلاقی اصلاح تھی، للہ الحمد اس حوالے سے بھی قابل ذکر اقدامات کیے جا چکے ہیں۔ سب سے اہم فریضہ جو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ ہے عملی طور پر جاری ہے۔ حکومتی ذمہ داران ہوں یا عام شہری سب امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے شعبہ شکایات کے اہلکاروں سے معروفات کے قیام اور منکرات کی روک تھام میں بھرپور تعاون کریں۔

ثقافت، تعلیم و تربیت، معیشت، میڈیا اور دیگر شعبوں میں قابل ذکر اصلاحی اقدامات ہو چکے ہیں اور بیس سالہ جارحیت کے غلط فکری اور اخلاقی اثرات ختم ہونے لگے ہیں۔ ہمارے مومن عوام اسی اصلاح کو سب سے اہم اور بڑی کامیابی سمجھیں، کیوں کہ دینی اصول اور شریعت کی روشنی میں زندگی ہماری دنیاوی اور اخروی سعادت کا ضامن ہے اور معاشرے کی دائمی سعادت، کامیابی اور نجات کا باعث ہے۔

علماء دین بھی اس حوالے سے اپنی ذمہ داریوں پر توجہ دیں، پورے ملک میں لوگوں کو دین سے آگاہ کرنے، انہیں دین سمجھانے اور لوگوں کے اعمال کی اصلاح کے لیے امر بالمعروف و نہی عن المنکر، تعلیم، اعلی تعلیم اور اطلاعات و ثقافت کی وزارتوں کے تعاون سے کام کریں۔ کوئی بھی قوم و ملک اس وقت عزت اور حقیقی امن و خوشحالی کا ذائقہ چکھ سکتی ہے جب اس میں اللہ تعالی سے بغاوت اور سرکشی نہ ہو۔

اس لیے لوگوں کی اصلاح اور دین سے آگاہی کی ذمہ داری علماء کرام کے حوالے کر دی گئی ہے۔ انہیں چاہیے اس حوالے سے اپنی ذمہ داری اور بھی اچھے طریقے سے ادا کریں اور ان کے لیے نیکی کی ہدایت کا وسیلہ بنیں۔ اسی طرح آپس میں اور بھی ہم آہنگی اور اعتماد کی فضا قائم کریں۔ اپنے آپس کے اختلافات سے احتراز کریں اور عوام کی اعلی مصلحتیں نظر میں رکھیں۔

۴ ہمارا ملک حال ہی میں جنگوں اور مصائب سے نکلا ہے۔ یہاں تعمیر و ترقی کی اشد ضرورت ہے۔ اس لیے وہ حکمران ہوں یا عوام تمام افغانوں کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ملک کو خوشحال بنا کر اپنے پاؤں پر کھڑا کریں۔ افغانستان کی تعمیر افغان عوام کی اپنی ذمہ داری ہے۔ اس لیے دوسروں سے توقعات نہ رکھیں بلکہ اپنی ہمت اور اپنی کوشش سے اس ملک کو آباد کریں اور عوام کو زندگی کی ممکنہ سہولیات فراہم کریں۔

اس حوالے سے قومی تاجروں اور صاحب حیثیت لوگوں کی ذمہ داری دوسروں سے بڑھ کر ہے۔ امارت اسلامیہ ان سے پوری طرح تعاون کرے گی، انہیں سہولیات فراہم کرے گی، ان کی مدد کرے گی اور انہیں بہتر و معیاری خدمت کے لیے سازگار ماحول فراہم کرے گی۔ ان شاء اللہ تعالی

۵ امن و امان اللہ تعالی کی بہت بڑی نعمت ہے۔ آئیے اپنے ملک کے استحکام اور تحفظ کے لیے اور بھی مضبوطی سے اپنے نظام کے ساتھ کھڑے ہوں۔ تاکہ مزید ہماری قوم اور ہمارے عام شہری نقصان نہ اٹھائیں اور بد امنی کا شکار نہ ہوں۔ اگرچہ اس حوالے سے کچھ دشمن حلقے اپنی مکروہ کوشش کر رہے ہیں کہ ہمارے ملک کو غیر محفوظ اور امارت اسلامیہ کے سیکیورٹی اداروں کو کمزور ظاہر کریں، لیکن ہمیں یقین ہے کہ اگر اللہ تعالی جل جلالہ کی نصرت اور اپنے قوم کی حمایت ہمیں حاصل رہی تو امن و امان اور مضبوط ہوگا اور ہمارے عوام اور بھی سکھ کا سانس لیں گے۔ ان شاء اللہ

۶ افغانستان تمام ہمسایہ ممالک، اسلامی ممالک اور پوری دنیا سے اسلامی اصولوں کے فریم ورک میں اچھے اور دو طرفہ تعامل پر مبنی تعلقات چاہتا ہے۔ جس طرح افغانستان کسی بھی بیرونی ملک کے داخلی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا اسی طرح یہ اصرار کرتا ہے کہ دیگر ممالک بھی ہمارے داخلی امور میں مداخلت نہ کریں۔ کہ یہ سب پوری دنیا کے بھی مفاد میں ہے اور افغانستان کے بھی مفاد میں ہے۔

۷ امارت اسلامیہ کی جانب سے اپنی اسلامی اور شرعی ذمہ داری سمجھتے ہوئے ملک میں منشیات کی کاشت پر پابندی اور اپنے ہم وطنوں کی جانب سے اس حوالے سے امارت اسلامیہ کے فرمان پر بہتر طریقے سے عمل درآمد بہت بڑی کامیابی ہے۔ امارت اسلامیہ کے عزم اور اعلان کے ساتھ اتنے بڑے کام کا ہو جانا عوام کی جانب سے امارت اسلامیہ کی مضبوط حمایت اور تعاون کا مظہر ہے، اور یہ واضح کرتا ہے کہ افغانستان اب منشیات سے پاک ہو جائے گا۔

اس کے ساتھ ساتھ کابل اور دیگر صوبوں میں منشیات کے عادی افراد کی جمع آوری اور انہیں علاج کے بعد صحیح صحت مند حالت میں اہل خانہ کے حوالے کرنا دوسری وہ شرعی ذمہ داری ہے جو امارت اسلامیہ پوری کر رہی ہے۔ یہ اپنے عوام کے ایک بڑے حصے کے مسائل اور پریشانیوں کے حل کی جانب بڑا قدم ہے جس کی مثال گذشتہ بیس سالوں میں نہیں ملتی۔

۸ ملک کے مرکز اور صوبوں میں گداگروں کی جمع آوری ان سے تعاون اور ان کے مسائل کا حل امارت اسلامیہ کا ایک اور رحم و شفقت پر مبنی اقدام ہے۔ اس منصوبے پر بھی مکمل عمل درآمد کیا جا رہا ہے۔ اس طرح پیشہ ور گداگر اور حقیقی محتاج افراد الگ ہو گئے اور محتاج اور ضرورت مند لوگوں سے تعاون کی راہ ہموار ہو گئی۔ سرکاری بجٹ سے ان کے لیے متعین مقدار میں خرچہ مقرر ہو چکا ہے۔ پیشہ ور گداگروں کو سمجھا کر نصیحت کی گئی۔ یہ افغانستان کی تاریخ میں بہت بڑا کام اور اپنے عوام سے امارت اسلامیہ کی بے انتہا محبت و ہمدردی کا اظہار ہے۔

۹ معیشت کی ترقی اور مضبوطی کے لیے امارت اسلامیہ کے متعلقہ ادارے اپنی تمام تر کوششیں کر رہے ہیں،

اب تک اللہ تعالی کے عظیم فضل سے بے انتہا مشکلات اور عالمی رکاوٹوں کے باوجود ملکی معیشت اچھی طرح سنبھال رکھی ہے۔ گذشتہ سال کا بجٹ اپنے قومی آمدنی سے مرتب اور پھر صحیح طریقے سے اسے صرف کرنا اللہ تعالی کا بڑا انعام ہے۔ اسی طرح رواں مالی سال میں بجٹ کے حوالے سے بہتر اقدامات کے لیے اللہ تعالی سے دعا اور مدد کا طلب گار ہوں۔

۱۰ تعلیمی شعبے میں تعلیم و تربیت کا سلسلہ پورے ملک میں پھیلانا اور تمام بچوں کی صحیح طریقے سے تربیت امارت اسلامیہ کی ذمہ داری ہے جس کی مزید ترقی اور بہتری کے لیے مؤثر منصوبوں پر کام جاری ہے۔

۱۱ صوبائی حکام کے کام اور حالات کی نگرانی دینی اور مذہبی امور میں صوبائی انتظامیہ کو تحریری اور زبانی رائے اور مشورہ دینا، امارت اسلامیہ کے ذمہ داران کے رویے پر توجہ اور ان کی کوتاہیاں احسن طریقے سے انہیں سمجھانا، امارت اسلامیہ کے حکام اور عوام کے درمیان اعتماد اور اچھے تعلق کی فضا قائم کرنا اور اس حوالے سے پورے ملک میں علما کرام اور عمائدین کے مشترکہ صوبائی کونسلز کا قیام اور ان کونسلز کے لیے بہترین لائحہ اور کام کا فریم ورک بنا کر دینا یہ اہم اقدامات تھے جو مکمل ہو چکے ہیں۔ ہمیں امید ہے ہمارے حکام کے بہت سے مسائل اس طریقے سے بہت اچھے طریقے سے امانت داری اور باریک بینی سے حل ہوں گے۔ اس سے امن اور اعتماد کی فضا اور مضبوط ہوگی اور حکام کو ان کی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں تعاون ملے گا۔ ان شاء اللہ

۱۲ امارت اسلامیہ کی عدالتیں تمام اداروں میں خاص اہمیت رکھتی ہیں۔ اسلامی نظام کے دائرہ کار میں یہ وہ شعبہ ہے جس کی اہمیت تمام شعبوں سے بڑھ کر ہے۔ کیوں کہ اسلامی نظام کے اہم اہداف اور مقاصد اللہ تعالی کے بندوں کے جان، مال، عقل، حیثیت اور اللہ تعالی کے عطا کردہ تمام حقوق کا تحفظ ہے۔ اسی لیے عدالتوں کے تمام قاضیوں اور ذمہ داران کو ہدایت دی جاتی ہے کہ اپنی بھاری ذمہ داری کو مدنظر رکھتے ہوئے لوگوں کے حقیقی حقوق کے حصول اور تنازعات کے حل کے حوالے سے پہلے سے بڑھ کر متعدد رہیں اور فیصلوں میں طاقت ور اور کمزور کے درمیان کوئی فرق نہ کریں۔ سب کے ساتھ انصاف اور برابری کا سلوک رکھیں۔ اللہ تعالی کے حدود کے نفاذ میں مجرم کی شخصیت کو نہ دیکھیں۔ مجرم کی جگہ جرم کو دیکھیں۔ مظلوم کا دفاع کریں، ظالم کا راستہ روکیں اور لوگوں کے مسائل کے حل میں تاخیر اور رکاوٹیں ڈالے بغیر خدمت کریں۔

۱۳ وزارت صحت کے ذمہ داران کو ہدایت دی جاتی ہے کہ صحت کے شعبے میں اپنے عوام کی خدمت کے لیے دن رات ایک کردیں۔ صحت کے مراکز مضبوط اور مؤثر بنائیں۔ بیماریوں اور حادثات کے حوالے سے اپنی قوم کے مسائل حل کریں اور صحت کے حوالے سے اپنے ملک کو خودکفیل بنانے کی جانب قدم اٹھائیں۔

۱۴ امارت اسلامیہ کی تمام سیکیورٹی اور دفاعی فورسز اس بڑی آزمائش میں کامیاب ہونے کے لیے ذیل کے نکات پر مضبوطی سے عمل کریں:

ا: نیتیں صرف اللہ تعالی کے لیے خاص کردیں!

ب: بڑے اور چھوٹے سب خود کو تقویٰ کی زینت سے

ج: اللہ تعالی کا حمد اور شکر ادا کریں کہ مقدس جہاد کی برکت سے اللہ تعالی کی نصرت کے نتیجے میں یہ فتح ملی۔

د: انصاف، احسان، تواضع اور عاجزی سے کام لیں، تکبر، غرور، خود پسندی، ظلم، خیانت اور بے جا مصارف سے خود کو بچائیں!

ہ: قوم پرستی، علاقائی تعصب، لسانیت اور تعلق داری سے پرہیز کریں!

و: امارت اسلامیہ میں عزت اور اہمیت کا معیار صرف تقویٰ اور امانت داری ہو۔

ز: ذاتی تعلقات، رشتہ داری اور تعلقات کی بنیاد پر کسی کا تقرر نہ کریں! مناصب اور ملازمتوں پر تقرر صرف اہلیت (تقویٰ، امانت داری اور صلاحیت) کی بنیاد پر ہو۔

ح: آپس میں اعتماد اور بھائی چارے کی فضا قائم کریں۔ حسد، شکایات اور ایک دوسرے کی غیبت اور اسی طرح ایسی حرکتوں سے خود کو بچائیں جس سے آپس میں بداعتمادی پیدا ہو۔

ط: تمام مجاہدین آپس میں امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ نہ چھوڑیں، اپنے دفاتر، اداروں اور کیمپوں میں تعلیم و تعلم خصوصا نمازوں کی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھیں، نمازوں کا بہت اہتمام کریں اور نمازیں جماعت سے ادا کریں!

ی. شہدا کے خاندانوں کی بہتر کفالت کریں!، وہ مجاہدین جنہوں نے بیس سالہ جہاد کے دور میں جہاد کیا، تکالیف اٹھائیں، ان کی قدر کریں اور ان کے جہاد کی قدر کریں۔ انہیں امارت اسلامیہ کی عسکری تشکیل میں صفوں سے باہر نہ چھوڑیں۔

ک: عسکری صفوں کے لیے قائم کیے گئے انوسٹیگیٹیو کمیشن کے ساتھ تعاون کریں۔ تاکہ یہ صف نا اہل اور مفسد حکام سے پاک ہو۔

ل. اپنے امراء کی اطاعت کریں اور امارت اسلامیہ کے فرامین پر مضبوطی سے عمل کریں اور ان کا دفاع کریں۔

م: اگر کوئی اپنے کسی بڑے کو نصیحت کرنا چاہے تو مخفی طور پر کرے کیوں کہ مخفی طریقے سے نصیحت مؤثر ہوتی ہے۔ اعلانیہ نصیحت نہ کریں کیوں کہ یہ مثبت کی بجائے منفی تاثیر پیدا کرتی ہے۔

ن: اپنے مصارف کی حساب دہی کی ہمت پیدا کریں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مالی امور کے ذمہ داران جن کے ہاتھوں بیت المال جمع ہوتا تھا، ان کا باریکی سے حساب کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ اپنے مالی ذمہ داران کا محاسبہ کرتے تھے۔ اس لیے مالی محاسبہ ضروری ہے۔ آپ کوشش کریں کہ اپنے بالائی حکام اور محاسبے کے لیے متعین ذمہ داران کو صحیح حساب دیں۔


س: اپنے دین اور وطن دشمنوں، امن دشمن عناصر، چوروں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف متعد رہیں مگر عام لوگوں کے ساتھ نرم، محتاط اور ترحم پر مبنی رویہ رکھیں۔ بے جا الزامات اور غلط معلومات کی وجہ سے کسی کو تکلیف نہ پہنچے۔ کسی کی حیثیت اور عزت پامال نہ ہو۔ کسی کی جان و مال کو ناحق نقصان نہ پہنچے۔ اس قوم کو ترحم اور شفقت کی ضرورت ہے۔ ہم ان کے خادم ہیں۔ ان کا تحفظ ہماری دینی اور ملکی ذمہ داری ہے۔ مگر خیال رہے کہ امن اور دفاع کے نام پر اپنے لوگوں کی بے قدری ہم سے نہ ہواور کوئی ہمارے اعمال کی شکایت اللہ تعالی سے نہ کرے۔

آخر میں ایک بار پھر ذکر کردوں کہ عید کے مبارک ایام میں شہدا کے خاندانوں، یتیموں، بیواؤں اور رشتہ داروں کا خاص خیال رکھیں۔ بے سہارا لوگوں سے اپنی ہمدردی اور تعاون کم نہ ہونے دیں۔ والسلام

آئینِ پاکستان، اسلامی کہ غیر اسلامی؟

شیخ عبد الرحمن حماد

قسط اول :۱



الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على رسوله الكريم، اما بعد: فاعوذ بالله من الشيطان الرجيم، بسم الله الرحمن الرحيم: اَلْيَومَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِى وَرَضِيتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِينًا.

اللہ تعالیٰ نے اشرف المخلوقات (انسان) کو جب سے دنیا میں اپنی عبادت کے لیے بھیجا ہے تب سے اسے شُتربے مہار نہیں چھوڑا ہے، بلکہ ہر زمانے میں آسمانی صحیفے کی صورت میں اسے آئین ودستور سے مالا مال کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسی نوازش کا معاملہ آخری امت (امتِ محمدیہ) کے ساتھ بھی روا رکھا، بلکہ دیگر امتوں کی بنسبت اِس امت کے لیے اللہ تعالیٰ نے ایسی شریعت اور ایسا آئین بھیجا ہے کہ اس میں رہتی دنیا تک کے احکام موجود ہیں، اسے اس بات کا محتاج نہیں بنایا کہ کسی اور دین ومذہب یا فلسفے سے استفادہ کرنا پڑے، چنانچہ امتِ محمدیہ (علی صاحبہا الف الف تحیۃ) کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی واضح اور روشن شاہراہ پر چھوڑ کر گئے ہیں کہ جس کی رات بھی دن کی طرح روشن ہے، جس پر چلتے ہوئے کوئی نہ بھٹکے، مگر جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فیصلہ ہلاکت کا ہو تو وہ اس واضح وروشن شاہراہ کو چھوڑ کر دیگر راستوں کی راہی بن جاتے ہیں، کیونکہ اس واضح روشن طریق کے علاوہ جتنے بھی راستے ہیں وہ اگرچہ بظاہر روشن اور سیدھے دکھائی دیں مگر ان پر کچھ سفر طے کرنے کے بعد انسان کا سامنا جس اندھیرے اور جن ڈھلانوں کے ساتھ ہوتا ہے وہ لازماً ان کے مسافر کی تباہی اور ہلاکت کا سبب بنتے ہیں، جیساکہ حدیث شریف میں آتا ہے: «قدْ تركتكمْ على البيضاءِ ليلها كنَهارِها، لَا يَزِيغُ عَنْهَا بَعْدِي إلَّا هَالِكٌ»

(سنن ابن ماجہ، باب اتباع سنۃ الخلفاء الراشدین)

تمام شعبہائے زندگی میں امتِ مسلمہ کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اصول وضوابط مقرر کیے ہیں، اور ان اصول کو صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، تابعین اور تبع تابعین (رحمہم اللہ) نے عملی جامہ پہنا کر عملاً ثابت کیا کہ یقیناً یہی وہ اصول ہیں جو کامرانی وشادمانی کے ضامن ہیں، چنانچہ کئی صدیوں تک جب مسلمان حکمرانوں نے انہی اصول کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنائے رکھا تو کامیابی نے ان کے قدم چومے، مگر شومئ قسمت سے ایک صدی سے زائد کا عرصہ ہو گیا ہے کہ مسلمانوں پر ایسے حکمران مسلط ہیں جنہوں نے غیروں کے طور طریقے اختیار کر رکھے ہیں، کھانے پینے، رہن سہن اور لباس سے لے کر طرزِ حکمرانی تک تمام معاملات میں غیروں کے پیروکار بنے۔

نظر آتے ہیں، جن کے یہاں اسلامی اُصول واَقدار کی نہ صرف یہ کہ کوئی قدر وقیمت نہیں، بلکہ عملاً اُن کے دشمن بنے ہوئے ہیں۔

محترم قارئین! جب سے پوری دنیا کو نئے نظام میں جکڑنے کی غرض سے "جمہوریت" کی نیک نامی وکامیابی کے راگ الاپے جا رہے ہیں تب سے حکمران طبقہ بلا سوچے سمجھے اس کی ہر چیز کی پیروکاری کرتا ہوا نظر آتا ہے، اسلام کے علاوہ دیگر ادیان کے ساتھ تعلق رکھنے والے حکمران اگر ایسا کریں تو افسوس نہیں ہوتا کیونکہ اُن کے یہاں حکمرانی کے اصول نہ ہونے کے برابر ہیں، مگر اسلام تو ایک جامع دین ہے، اسلام نے کسی بھی شعبۂ زندگی کو بغیر اصول کے نہیں چھوڑا ہے، امورِ سلطنت کی انجام دہی کے لیے قرآن وسنت اور فقہائے اسلام کی کتب میں نہ صرف یہ کہ بنیادی اصول موجود ہیں بلکہ علمائے اسلام نے تو جزئیات تک کو بیان کیا ہے، مگر ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلم حکمرانوں کو مغرب کی تقلید سے چھٹکارا تو ملے، ان کے دل میں اسلام کی وہی عظمت پیدا تو ہو جو ایک سچے وکامل مسلمان کے دل میں ہوتی ہے۔ کاش کہ مسلمانوں کو ایک بار پھر وہ حکمران نصیب ہوں جن کے دل مسلمانوں کے عروج کے لیے تڑپے، خود بھی اسلامی احکام پر عمل پیرا ہوں اور رعایا کو بھی ایسا ماحول اور نظام دیں جس کی بدولت شریعت پر عمل کرنا آسان ہو جائے۔

گرامی قدر قارئین! "جمہوریت" نے انسانوں کو ایک مخصوص طبقے کے غلام بنانے کے لیے جہاں اور بہت سے دام بچھا رکھے ہیں ان میں ایک دام "آئین" کا بھی ہے، بادیٔ النظر میں یہ ایک ایسی پُرکشش چیز ہے کہ اس نے پوری دنیا کو اپنا گرویدہ بنایا ہوا ہے، جس ملک میں آئین نام کی یہ جاذب چیز نہ ہو یا عالمی معیار پر پورا نہ اترے تو مہذب کہلانے والوں کے یہاں اُسے ملک کا درجہ نہیں دیا جاتا، اس کے ساتھ سفارتی تعلقات نہیں رکھے جاتے، اور جب وہ چاہیں تو اس پر چڑھ دوڑتے ہیں، اور اس میں ایسے لوگ ایکسپورٹ کرتے ہیں جو جمہوریت کے اس مقدس صحیفے کی تدوین وترتیب کے دلدادہ ہوتے ہیں، جس کا مشاہدہ اسلامی دنیا کے استعمار کے بعد کی صورت حال سے ہر باشعور شخص نے بخوبی کیا ہے۔

معزز قارئین! جب یورپین اقوام نے مسلمانوں کے مقبوضہ علاقے اس لیے چھوڑنے کا فیصلہ کیا کہ مزید اُن کے لیے اسلامی سرزمین پر حکومت کرنا مشکل ہو گیا تو انہوں نے مسلم ماں باپ کے اُن اولاد کو آگے لایا جو اُن کے تربیت کردہ تھے، اُن کا اسلام کے ساتھ رشتہ صرف مسلم معاشرے کی وجہ سے برائے نام جڑا ہوا تھا، ان کے مفادات مسلمانوں بجائے یورپین اقوام کے ساتھ وابستہ تھے، اس لیے انہوں نے اسلام کو محض انفرادی معاملہ قرار دیکر اسے اجتماعی زندگی سے الگ کر دیا، اسلام کا معاشی نظام چھوڑ کر یہودی مفادات کا محافظ سودی نظام اپنے اپنے مما لک جاری کیا، اسلامی نظامِ تعلیم چھوڑ کر سیکولر نظامِ تعلیم کی سرپرستی کی، سیاسی میدان میں "جمہوریت" کو اصل قرار دیکر اسلامی سیاست کو تو بالکل ختم کیا، اور تقسیم برصغیر کے نتیجے میں پاکستان میں جو کچھ ہوا اُس پر تو خون کے آنسوں بہانے کی ضرورت ہے، کیونکہ برصغیر (پاک وہند) کے مسلمانوں نے جس اسلامی نظام کے لیے جان، مال اور عزت کی قربانی دی تھی انہیں نہ صرف یہ کہ اس سے محروم رکھا گیا، بلکہ اس کے لیے آواز بلند کرنا، اس کے لیے ماحول بنانا سنگین غداری کے زُمرے میں ڈال کر ایک ایسا جرم بنایا دیا گیا کہ جس کی پاداش میں اب تک ہزاروں محبانِ اسلام ووطن کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ہے، ہزاروں کو سالہا سال سے اذیت خانوں میں پابندِ سلاسل کر رکھا ہے، اور لاکھوں مسلمانوں کو اپنے گھروں سے ہجرت پر مجبور کر دیا ہے۔

قارئینِ کرام! آمدم بر سرِ مقصد! بعض طبقات کی طرف سے یہ بات بار بار کی جاتی ہے کہ پاکستان کا آئین اسلامی ہے، بعض اس کو سو فیصد اسلامی بتاتے ہیں ہیں، اور بعض چند دفعات کو چھوڑ کر باقی آئین کو اسلامی کہتے ہوئے نہیں تھکتے، یہی وجہ ہے سال 2023ء کو آئینِ پاکستان کی پچاسویں سالگرہ کا جشن یہ کہہ کر بڑی گرم جوشی کے ساتھ منایا گیا کہ اسلامی مما لک میں سب سے زیادہ اسلامی دفعات کا حامل آئین، آئینِ پاکستان ہے۔

محترم قارئینِ کرام! اس موضوع پر علمائے اسلام نے

بہت کچھ لکھا ہے، کہ آیا پاکستان کا آئین اسلامی ہے کہ نہیں؟ یقیناً بہت ان حضرات نے بہت بڑی خدمت سر انجام دی ہے، مگر جو تحریرات میری نگاہ سے گزری ہیں ان میں آئین پاکستان کی اسلام کے ساتھ چند دفعات کے تضادات کو بیان کیا گیا ہے، اُن تحریروں میں پورے آئین کا استقصاء نہیں کیا گیا ہے، اس لیے سوچا کہ "قسط وار" آئین پاکستان کی ہر اُس دفعہ کو اہلیانِ پاکستان پر واضح کی جائے جو اسلامی شریعت کے ساتھ متصادم ہو، اس کے بعد ہر قاری خود ہی اندازہ لگا سکے گا کہ آئین پاکستان کو اسلامی کہنا زمینی حقائق سے کتنی خلاف بات ہے! مگر سر دست اتنا عرض کرتا چلوں کہ آئین جب اسلامی کہلانے کا مستحق ہو گا؟ اس بارے میں محدث العصر استاذ الاساتذہ مولانا سید محمد یوسف بنوری رحمہ اللہ (بصائر و عبر، ج 2، ص: 106) لکھتے ہیں:

آئین کے واضعین کی جانب سے بڑی شدت واصرار کے ساتھ یہ فرمایا گیا ہے کہ آئین اسلامی جمہوری اور وفاقی ہے، یہ امر کسی تشریح کا محتاج نہیں کہ وہی آئین اسلامی آئین کہلانے کا مستحق ہو گا جس میں اعلان کیا گیا ہو کہ:

١ حکومت کا کوئی اقدام اسلام کے خلاف نہیں ہو گا۔

٢ مملکت کے تمام شہریوں پر اسلامی فرائض کی پابندی قانوناً لازمی ہو گی۔

٣ ہر شہری اسلام کے عدل عمرانی سے مستفید ہو گا اور اسلامی معاشیات کا نفاذ ہو گا۔

٤ ممنوعات شرعیہ پر اسلامی تعزیرات جاری ہوں گی۔

٥ ملک کی تمام عدالتیں صرف اسلامی قانون کی پابند ہوں گی اور اس آئین کے نفاذ کے دن سے تمام رائج الوقت غیر اسلامی قوانین منسوخ تصور کئے جائیں گے۔

٦ خدا اور رسول کے صریح احکام بغیر کسی مسخ و تحریف کے نافذ کئے جائیں گے اور ان پر کسی اتھارٹی کو رائے زنی کا حق حاصل نہیں ہو گا۔

٧ مجلس قانون ساز کا کوئی فیصلہ اگر اسلامی اصول کے منافی ہوا تو عدالت عالیہ میں اسے چیلنج کرنے کا ہر مسلمان کو حق ہو گا۔

٨ اسلامی شعائر کا تحفظ کیا جائے گا اور ان کی بے حرمتی مستوجب سزا ہو گی۔

٩ منافی اسلام سرگرمیاں ممنوع ہوں گی۔

١٠ مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی کسی کو اجازت نہیں ہو گی اور


١١ ارتداد کو اسلام کے خلاف بغاوت تصور کیا جائے گا اور اس کی وہی سزا ہو گی جو بغاوت کی ہو سکتی ہے۔

پھر بنوری رحمہ اللہ فقہ الواقع کا احساس دلاتے ہوئے فرماتے ہیں:

سوال یہ ہے کہ کیا نئے آئین میں یہ بات کہی گئی ہے کہ ہر معاملہ میں اسلام کو بالادستی حاصل ہو گی؟ یا کسی اسلامی عقیدے، اسلامی شعائر یا اسلام کے کسی اصول اور قانون کو آئینی تحفظ دیا گیا ہے؟ کیا اسلامی عدالت پر اسلامی قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کی پابندی عائد کی گئی ہے؟ کیا اسلامی تعزیرات کے نفاذ کا اعلان کیا گیا ہے؟ کیا مسلمانوں پر اسلامی فرائض کی پابندی کو لازم کیا گیا ہے؟ کیا انسداد ارتداد کے لیے کچھ کیا گیا ہے؟ کیا اسلام کُش سرگرمیوں پر قدغن لگائی گئی ہے؟ کیا یہ اعلان کیا گیا ہے کہ اسلامی مملکت خدا اور رسول کے احکام کو جوں کا توں نافذ کرنے کی پابند ہے؟ کیا یہ ضمانت دی گئی ہے کہ اگر پارلیمنٹ یا کوئی ماتحت ادارہ اسلام کے خلاف کوئی فیصلہ کرے تو اسے چیلنج کیا جا سکتا ہے؟

اگر ان تمام سوالات کا جواب نفی میں ہے تو خود اپنے ضمیر سے دریافت فرمائیے کہ یہ دستور کہاں تک اسلامی دستور کہلانے کا مستحق ہے؟ اور اللہ تعالی کی نظر میں اس کی کیا قیمت ہو گی؟ اگر اسلام کے کسی اصول کو آئینی تحفظ حاصل نہیں اور صرف وعظ کے درجہ میں عوام کی نمائش کے لیے اسلام کا نام لیا گیا ہے تو کیا یہ ایسی چیز ہے جس پر مسرت وشادمانی کے شادیانے بجائے جائیں؟ کیا اسے اسلام سے وفاداری کہا جائے گا؟ اور کیا بھلا یہ طرز عمل حق تعالی کی رضا اور رحمت کا موجب ہو گا؟

(بصائر و عبر، ج 2، ص: 108)



پاکستانی حکمرانوں کی نااہلی کی کارستانیاں

مولانا سلیم حقانی

کوئی ملک و قوم اور جماعت و تنظیم اس وقت ترقی کے منازل طے کرتے ہوئے اپنے منزل مقصود پہ نہیں پہنچ سکتا ہے جب تک کہ وہاں کے تعلیم یافتہ، ہنر مند،باصلاحیت اور ماہرین فن اشخاص کے صلاحیتوں کو بروئے کار نہ لایا جائے۔ اور بہت ہی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج ان سے قومی زندگی کے ہر شعبے میں محرومی اور امتیازی سلوک برتا جاتاہے۔ اقتصادی، معاشی صنعتی وغیرہ شعبوں میں انہیں مایوسی کا سامنا کرنا پڑتا ہے ،اور قدم قدم پر ان کے آگے رکاوٹیں کھڑی کردی جاتی ہیں۔ سرکاری، نیم سرکاری ملازمتوں کے دروازے ان کے لیے تقریباً بند کردیے گئے ہیں، تعلیمی مواقع سے انھیں جبری طور پر دور کردیاگیا ہے غرض یہ کہ زندگی کے ہر میدان میں ان کے ساتھ غیریت اور جانبداری برتی جاتی اور ر بہتر مواقع یا محفوظ ماحول کے لیے اپنے ملک کو چھوڑنے کا انتخاب کرتے ہیں۔ یہ لوگ اپنی صلاحیتوں کو کسی دوسرے ملک لے جاتے ہیں، جس کا واضح مطلب ملکی ترقی، معیشت اور ملکی و قومی سرمائے کا خسارہ ہے۔ موجودہ حالات میں مسلمانان پاکستان وطن عزیز میں اپنے مستقبل کے لئے پریشان ہے جہاں تیزی سے زوال پذیر معیشت نے بے یقینی کی صورتحال پیدا کی ہوئی ہے

بیورو آف امیگریشن کی دستاویز کے مطابق 2018 میں قابل پیشہ ور افراد کی. تعداد 3لاکھ 82ہزار تھی اور 2019 میں 6لاکھ 25 ہزار تھی اور 2021 میں کرونا وباء کے باعث سفری پابندیوں کے نتیجہ میں کمی آئی 2لاکھ 88 ہزار تعداد تھی لیکن پابندیوں میں نرمی اور خاتمے کےبعد 2022 میں 8لاکھ 32ہزار سے زائد قابل پیشہ ور افراد بہتر مواقع کے تلاش میں بیرون ملک چلے گئے.اور رواں سال 2023 میں صرف مارچ تک 1لاکھ 27ہزار سے زائد قابل پیشہ ور افراد بہتر مواقع کے تلاش میں ملک چھوڑ گئے. اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد جیسے ڈاکٹر، انجینئر، انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین اور اکاؤنٹنٹ بھی شامل تھے۔ سوال یہ ہے کہ آخر ہم یہاں تک کیسے پہنچے؟

اس معاملے پر بھی تھوڑی نظر ثانی کرتے ہیں، دیکھا جائے تو پاکستان میں طویل عرصے سے مسلسل سیاسی عدم استحکام اور بڑھتے ہوئے معاشی بحران نے پاکستان کے مستقبل کو تاریکیوں میں دھکیل دیا ہے۔ لاکھوں اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہنرمند نوجوان بہتر مستقبل کے لیے اپنی دھرتی چھوڑ کر دیار غیر جانے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ اگر کوئی پاکستانی روزگار کے لیے بیرون ملک جانے کا سوچے تو سب سے پہلے امریکا، کینیڈا اور خلیجی ریاستوں کے نام ذہن میں آتے ہیں لیکن اس وقت نوجوان نسل کی مایوسی کا یہ عالم ہے کہ مغربی، یورپی اور خلیجی ممالک

کے ساتھ نوجوان سوڈان اور عراق تک جارہے ہیں جس کو جہاں جانے کا موقع مل رہا ہے وہ وہاں اپنا معاشی مستقبل وہاں سے جوڑ رہا ہے۔

اس وقت پاکستان کی موجودہ حالت یہ ہے کہ ہمارے پاس اشیاء درآمد کرنے کے پیسے نہیں ہیں جبکہ ضروری اشیاء کے دام دن بدن بڑھتے جارہے ہیں۔ مہنگائی جو عموما5یا6 فیصد رہتی ہے اب 25 اور 26 فیصد سے بھی بڑھتی جارہی ہے اور بنیادی کھانے پینے کی اشیاء کے دام سونے کی مانند ہیں۔ ایسے میں لوگوں کے لئے بنیادی ضروریات پوری کرنا مشکل ہوگئی ہیں تو وہ دوسری ضروریات زندگی کو پورا کر پانے کے بارے میں تو سوچ بھی نہیں سکتے۔

سال 2023 کے اس دور میں جہاں دنیا چاند پہ زمین خرید کر گھر بنانے کی باتیں کر رہی ہے، پاکستان میں بجلی بچاؤ مہموں کا آغاز دکانیں اور شاپنگ مالز کو جلدی بند کروا کے کیا جارہا ہے۔ پاکستانی حکومت مسلسل قرضہ مانگنے پر مجبور ہے۔ اور پچھلے سال آنے والے سیلاب)جو ان حکمرانوں کے اسلامی احکاماتِ سے دوری اور ظلم و ستم کی کینخوستوں کی وجہ سے) نے کمر بری طرح توڑ کر رکھ دیے. حکمرانوں کی نا اہلی اور غلط پالیسیوں کے نتیجے میں عوام کے لئے روزگار کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں تو کیا ان حالات میں ایک نوجوان کا اپنا اور خاندان کے مستقبل کے بارے میں سوچنا غلط ہے؟ ہمارے ملک میں جب عوام کے لئے پڑھنے لکھنے کہ باوجود روزگار کے مواقع نہیں ہوں گے تو وہ یقیناً اک بہتر مستقبل کے لئے دوسرے ذریعوں کی جانب جائیں گے۔ ان حالات میں حکومت اور سیاسی پارٹیوں کا یہ کام بنتا ہے کہ وہ بجائے لڑنے کے اور ایک دوسرے پہ لعن وطعن کرنے سے اپنے ملک کی بہتری کے لئے ایک ساتھ کھڑے ہوں اور مل کر مسائل کا حل تلاش کریں۔ ہر اس اقدام کو جس کی شریعت نے اجازت دی ہے بروئے کار لائیں جس سے ملک کی بہتری ممکن ہے۔ اور اسی طرح ہر وہ اقدام بھی یقیناً ضرور کریں کہ جس سے ملک کا آنے والا مستقبل بھی محفوظ رہے اور یہ بہتری صرف اسلامی نظام ہی میں مضمر ہے اگر کسی کو کوئی اشکال و اعتراض ہو کہ ایسے کیسے ممکن ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ افغانستان میں امارت اسلامی اعزہا اللہ نے یہ سب کچھ کر دکھایا کہ اسلامی نظام میں کتنی برکتیں، رحمتیں، عدل وانصاف اور اللہ تعالی کی مدد و نصرتیں اترتی ہیں۔ لہذا پاکستان کا مطلب کیا "لا الہ الا اللہ" والا نظام ہی اس وطن عزیز کی قسمت کو بدل سکتا ہے اور ان سارے مشکلات سے نکال سکتا ہے. اور تحریک طالبان پاکستان ہی مایوسی کی ان تاریکیوں میں امید سحر کی کرن ہے۔

خلافت، سیاست اور جمہوریت
محمد عاصم ہندی

قسط اول :۱

اسلام ایک مکمل نظام حیات اور کامل دین ہے جبکہ خلافت اور جمہوریت حکومت کرنے کیلئے دو الگ الگ نظامیں ہیں۔
لیکن کیا جمہوریت اور خلافت دونوں پر لفظ سیاست کا اطلاق ہوسکتا ہے؟
کیا یہ دونوں ایک ہی چیز ہے؟
کیا دونوں ہی اسلام کے نظام حکومت ہیں؟
یا پھر یہ دونوں مختلف نظام حکومت ہیں؟
آئیے دیکھتے ہیں کہ اہل علم نے سیاست، خلافت اور جمہوریت کی کیا تعریفات کی ہیں؟۔
سیاست کیلئے انگریزی لغت میں لفظ "politics" استعمال ہوتا ہے جو اصل میں گریک یونانی لفظ "politika" سے مشتق ہے اسکے معنی
"Affairsofareas" (خطوں کے باہمی تعلقات) ہے۔
اصطلاحی تعریف کچھ یوں کی گئی ہے:
Politics is defined in such different"
:ways
astheexerciseofpower,thescienceof
governmentandtheabilityofmakingthe
"collectivedecisions
سیاست کو مختلف طرح سے واضح کیا گیا ہے جیسا کہ "قوت کا جاری رکھنا"، "حکومت کرنے کی استعداد" اور مجموعی طور پر "مشترکہ فیصلوں کی قابلیت" آکسفورڈ والوں نے اسطرح لکھا ہے:
Activitiesaimedatimprovingsomeone's"
"situation
ایسے کام اور ایسی سرگرمیاں جو کسی کی حالت بہتر کرنے کیلئے
ہو، **پولیٹیکس** یا سیاست کہلاتی ہے۔
عربی میں لفظ سیاست کے لغوی معنی "اصلاح" اور "سنوارنا" کے ہیں۔
(لسان العرب طبع بیروت ج6 ص108)

سیاست کی اصطلاحی تعریف میں امام غزالی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:
استصلاح الخلق و إرشادهم إلى الطريق المستقيم المنجي في الدنيا والآخر
یعنی سیاست مخلوق کی اصلاح اور رہنمائی کرنا ہے سیدھے راستے کی جانب، جو دنیا اور آخرت کی نجات کا ذریعہ ہو۔
دوسری جگہ لکھتے ہیں:
وھی التالیف والتعاون والاجتماع علی أسباب المعیشة و ضبطھا.
یعنی سیاست وہ تدبیر ہے جو زندگی کے وسائل اور انکے دائرے میں افراد معاشرہ کے درمیان باہمی محبت اور اتحاد و تعاون پیدا کرتی ہے۔
(احیاء العلوم، کتاب الحکم باب اول ج1 ص9)

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخفاء میں لکھتے ہیں:
وهي الحكمة الباحثة عن كيفية ربط بين أل المدينة
یعنی سیاست وہ حکمت، فن وعلم ہے جو ان تدابیر سے بحث کرتی ہے

جن کے ذریعے شہریوں کے باہمی ربط و تعلق کی حفاظت کی جاتی ہے۔

ان عبارات سے سیاست کا مفہوم سمجھ میں آیا کہ سیاست کا معنی مکر و فریب اور انسانوں کو آپس میں لڑانا نہیں، بلکہ سیاست اُس حکمت عملی کا نام ہے جو افراد کے مابین اخوت و محبت اور اتحاد و اتفاق پیدا کرتی ہوں، اور اس سے مخلوق کی حق بجانب راہنمائی ہو۔ پس حقیقی سیاست دان بھی وہی ہوگا جو معاشرے سے پارٹی بازیاں، تعصب اور تفرقہ بازی ختم کر کے انہیں ایک جھنڈے تلے جمع کرے۔

خلافت کا مادہ "خلف" کا لغوی معنی ہے پیچھو، پچھلے، یا بعد میں۔

الخلف ضدّ قدام (لسان العرب ج 9 ص 82)

